(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**سائنس اور معاشرہ**

فلکیاتی واقعات

رسم ورواج پر یقین

## پاکستانیوں کی بڑی اکثریت (82%) کا ماننا ہے کہ چاند گرہن کے دوران عبادات اور دعاؤں پر زیادہ زور دینا چاہیے؛ یہ رجحان خاص طور پر خواتین (86%) میں سب سے زیادہ عام ہے۔

(گیلپ&گیلانی سروے)

(اسلام آباد، 14 اکتوبر 2025

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی بڑی اکثریت (82%) کا ماننا ہے کہ چاند گرہن کے دوران عبادات اور دعاؤں پر زیادہ زور دینا چاہیے؛ یہ رجحان خاص طور پر خواتین (86%) میں سب سے زیادہ عام ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" مختلف لوگ چاند گرہن کے دوران مختلف باتوں کا خیال رکھتے ہیں۔آپ کے خیال میں درج ذیل باتوں کا حقیقت سے کتنا تعلق ہے؟-چاند گرہن کے دوران عبادات اور دعاؤں پر زیادہ زور دینا چاہیے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 70% جوابدہندگان کے مطابق اس کا حقیقت سے ’’بہت زیادہ تعلق‘‘ ہے کہ چاند گرہن کے دوران عبادات اور دعاؤں پر زیادہ زور دینا چاہیے، 12% جوابدہندگان کے مطابق اس کا حقیقت سے ’’کچھ حدتک تعلق‘‘ ہے، 9% جوابدہندگان کے مطابق اس کا حقیقت سے ’’بالکل بھی تعلق نہیں ہے یہ محض باتیں ہیں‘‘، 6% کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے ’’معلوم نہیں‘‘ ہے، جبکہ 3% جوبدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ قدرتی واقعات کے دوران روحانی اعمال اور عبادات کا رجحان پاکستان میں اب بھی بہت اہم سمجھا جاتا ہے۔خواتین میں اس رجحان کی زیادہ شرح ظاہر کرتی ہے کہ خاندانی روایات ان عقائد کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔


**" مختلف لوگ چاند گرہن کے دوران مختلف باتوں کا خیال رکھتے ہیں۔آپ کے خیال میں درج ذیل باتوں کا حقیقت سے کتنا تعلق ہے؟ -چاند گرہن کے دوران عبادات اور دعاؤں پر زیادہ زور دینا چاہیے "**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی وشہری آبادی کی 753 خواتین اور مرد حضرات سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج**: چاند گرہن کے دوران عبادات اور دعاؤں پر زیادہ زور دینے کا رجحان مرد حضرات (77%) کی نسبت خواتین میں نمایاں طور پر زیادہ پایا گیا (86%)۔ یہ فرق ظاہر کرتا ہے کہ خواتین گھریلو سطح پر روحانی اور ثقافتی روایات کو زیادہ بہتر طور پر برقرار رکھتی ہیں اور آئندہ نسلوں تک منتقل کرتی ہیں۔ ان کی یہ وابستگی اس بات کو اُجاگر کرتی ہے کہ مذہبی اعمال اور روایتی اقدار کے تحفظ میں خواتین کا کردار نہایت اہم اور مؤثر ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 14th October 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)